شاہ پکچرز کا تیار کردہ

सखी हातीम

سخی حاتم

اداکاران

نور۔ فیروز جہت۔ ہیرالال

وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری دنیا میں انسان کے ساتھ شیطان بھی آیا ہے۔ جو قدم قدم پر انسان کو گمراہ کرتا ہے۔ مگر ایمان کا نور وہ نور ہے جس سے شیطان کے بھی پر جلتے ہیں۔ اور وہ نور صرف بھگوان کے بھگتوں میں ہی ہوتا ہے۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

سخی حاتم کے گانے

نمبر ۱

رکیں نہ راہ میں قدم خدا تمہارے ساتھ ہے
تمہارے ہر فقیر کی دعا تمہارے ساتھ ہے
سبھی کے مہربان تم سبھی کے خیر خواہ تم
جہاں بھی جاؤ گے رہو گے بن کے بادشاہ تم
سبھی کے غم کے درد کی دوا تمہارے ساتھ ہے
لٹا کے اپنا تخت و تاج کر لیا دلوں میں گھر
لگیں گے موتیوں کے ڈھیر آنکھیں اٹھاؤ گے جدھر
کہ رحمتوں کی جھومتی گھٹا تمہارے ساتھ ہے
بڑھے گی شان دین کی بگڑے سب بنیں گے کام
رہیگا ہر زبان پر سدا تمہارا نیک نام
دعائے اور کے لئے دعا تمہارے ساتھ ہے

گانا نمبر ۲

دل کی بہار لئے۔ قول و قرار لئے
آیا قریب کوئی۔ آنکھوں میں پیار لئے
ارماں کے پھول کھلے جاگی امید نئی
نکلا ہے چاند نیا۔ آئی ہے عید نئی

خوشیاں ہزار لئے پیغام یار لئے
کرنوں کے ہاتھ اُٹھے پھولوں کا ہار لئے
آنکھوں سے آنکھ ملی نظروں کے تیر چلے
فرقت کی شام ڈھلی گھر گھر چراغ جلے
نشہ خمار لئے نغمہ پکار لئے
جگمگ زمین ہوئی تارے اُتار لئے
جھولے میں آج کوئی موتی نثار کرے
دِل بھی شکار کرے جاں بھی شکار کرے
چہرا نکھار لئے سولہ سنگار لئے
ہاتھوں کو لال کیا گیسو سنوار لئے

گانا نمبر ۵

یہ آنکھیں جس سے لڑ جائیں ترا بیمار ہو جائے
پڑے ترچھی نظر جس پر جگر کے پار ہو جائے
دِلوں کو یہ غرورِ حُسن کب تک آزمائے گا
زمانے کا بھروسہ کیا زمانہ بیت جائے گا
یہ دِن اقرار کے ہیں عشق کا اقرار ہو جائے
کھڑے ہیں تیرے در پر لیکے جان و دِل کے نذرانے
اگر ٹھکرا دیا تُو نے کہاں جائینگے دیوانے
خدا اس چاند سی صورت کا اب دیدار ہو جائے
محبت اور بھی دیگی اثر رنگین باتوں میں
چمک جائیں گی یہ زلفیں مچل کر مست راتوں میں
بہاروں کا اشارہ ہے کلی گلزار ہو جائے

گانا نمبر

جاتے ہو خدا حافظ تسکین لیئے جاؤ
اب جا کے کب آؤ گے وعدہ تو کیئے جاؤ
فرقت میں یہ نظارے غم اور بڑھائینگے
چمکیں گے اگر تارے آنسو نکل آئینگے
یہ چاند ستارے بھی تم ساتھ لیئے جاؤ
کس طرح سنبھالوں میں مجبور بہت دل ہے
حالت یہ بنا لی ہے جینا بڑا مشکل ہے
الفت کا یہ کہنا ہے مر مر کے جیئے جاؤ
دن ہونگے جدائی کے تنہائی کی سب راتیں
خوابوں میں خیالوں میں، اب ہونگی ملاقاتیں
آنکھیں بھی پیئے جاؤ آنسو بھی پیئے جاؤ

گانا نمبر ۵

کیا جانے کب آئے - جو میری نیند اُڑائے
مجھے دیوانہ بنائے
دل چھین لے اس شان سے آنکھوں کو ملائے
ہنستی ہوں تو سہرا میں بھی کھل جاتی ہیں کلیاں
چلتی ہوں تو آندھی میں بھی ہوتا ہے اُجالا
یہ حسن وہ دیکھے جو کلی دل کی کھلائے
کیا جانے کسے ڈھونڈ رہی ہیں یہ نگاہیں
کس کے لیئے رہ، رہ کے مچلتی ہیں یہ باہیں
باہوں کا حسیں ہار پہناؤں جو وہ آئے

بے عشق مزا کوئی بھی جینے میں نہیں ہے
اِس درد کا ارماں ہے جو سینے میں نہیں ہے
ہنس ہنس کے کوئی اپنی محبت میں رُلائے

گانا نمبر ۶

طلعت محمود

زیرِ دیوار کھڑے ہیں تیرا کیا لیتے ہیں
دیکھ لیتے ہیں تپش دل کی بجھا لیتے ہیں
کیوں مان کرتے ہو ہم خود ہی چلے آئیں گے
بیٹھ جاتے ہیں جہاں دھونی رما لیتے ہیں
چشمِ نرگس ہے تیرے کے گلابی پیالے
بن پیئے ہی تجھے مستانہ بنا دیتے ہیں
دیدے اب حسن کی خیرات کے عرصہ گزرا
ہم تمہارا تیرے در پہ صدا دیتے ہیں

گانا نمبر ۷

مرتے ہیں نہ جیتے ہیں فرقت میں صنم تیری
تصویریں بناتے ہیں دیواروں پہ ہم تیری
سُن لے میرا افسانہ اے حسن کی شہزادی
کرنے کو چلے شادی اور ہو گئی بربادی
پہلے تو محبت نے صورت تیری دکھلا دی
اور آنکھوں ہی آنکھوں میں سب چھین لی آزادی
زنجیر محبت کی پیر پاؤں میں ڈلوا دی
اور اس پہ ستم یہ کی پوشاک اُتروا دی
کرنے کو چلے شادی

دِل میں کہتی ہے گُھٹ کر تیری آرزو
جیل میں ہم پڑے ہیں اور محل میں تُو
کیا کہیں عشق میں کیا ہوئی آبرو
جا رہے ہیں مگر مہکی ہے خوشبوں کی بُو
اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو
اس عشق میں بہکا کے دُنیا میری لُٹوا دی
اور زُلف کے پھندے میں گردن میری پھنسوا دی
کرنے کو چلے شادی ——
یہ عشق خدا تجھ کو دُنیا سے نکلوا دے
یا جیل میں ڈلوا دے یا پھانسی پہ چڑھوا دے
پٹی میری آنکھوں پہ اس عشق نے بندھوا دی
جب جیت گئی بازی وہ حُسن کی شہزادی
ظالم نے چُھری میرے ارمانوں پہ چلوا دی
کرنے کو چلے شادی ——

گانا نمبر ۸

بے سہاروں کے نگہباں مدد کو آجا
آج خطرے میں ہے ایمان مدد کو آجا
فریاد ہماری سُن لے سرکار مدینے والے
بگڑی ہے بات بنا دے مختار مدینے والے
بیکسوں کا نہیں دُنیا میں کوئی تیرے سوا
ایک جلتے ہوئے دِل کی ہے یہی تجھ سے دُعا
میرے آقا میرے مالک کو تباہی سے بچا

رحم کی بھیک گنہگاروں کو تو کر دے ادا
دُکھیا پہ رحمت کر دے دلدار مدینے والے
جن کے محبوب محمد شان دکھانے والے
کشتی نوح کو طوفاں سے بچانے والے
حضرت موسے کو پانی پہ چلانے والے
آگ ابراہیم پہ گلزار بنانے والے
یہ جلتی آگ بجھا دے سرکار مدینے والے

(ختم شد)

عشرتِ شباب

یہ لاجواب کتاب، جسے دہلی کے مشہور حکیم محمد اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار محمود خاں صاحب نے

نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دل وجان سے اسکا دلدادہ و شیدا بن گیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کے لئے مشورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں۔ جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں۔ تو آج ہی طلب کریں۔

قیمت صرف ۱/۰ ۱۲ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویّوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چنیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتابالی۔ مینا۔ نمی۔ ریحانہ۔ وجینتی مالا۔ شکیلہ۔ شیاما۔ اوشا کرن۔ اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ کرن دیوان۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ بھارت بھوشن وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایکبار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱/- ۱۲ محصولڈاک معاف

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے اپنے آپکو مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے۔ ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز ہیرو ہیروئن بننے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/- ۱۲ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: تن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

کمال پرنٹنگ پریس دہلی